# يَعْلَمُ خَائِنَةَ الْأَعْيُنِ وَمَا تُخْفِي الصُّدُورُ

اللہ جانتا ہے نگاہوں کی چوری کو اور اسے بھی جو چھپائے ہوئے ہیں سینے ۔

# المُؤْمِن

## بِسْمِ اللّهِ الرَّحْمَنِ الرَّحِيمِ

---

حم (١)

حا میم ۔

تَنزِيلُ الْكِتَابِ مِنَ اللَّهِ الْعَزِيزِ الْعَلِيمِ (٢)

اُتارا (نازل کیا ہوا) کتاب کا اللہ سے ہے، جو زبردست ہے خبردار ۔

غَافِرِ الذَّنبِ وَقَابِلِ التَّوْبِ

گناہ بخشنے والا، اور توبہ قبول کرتا،

شَدِيدِ الْعِقَابِ ذِي الطَّوْلِ

سخت مار دیتا (دینے والا)، مقدور کا صاحب ۔

لَا إِلَهَ إِلَّا هُوَ

کسی کی بندگی نہیں سوا اس کے ۔

إِلَيْهِ الْمَصِيرُ (٣)

اسی کی طرف پھر جانا (سب کو پلٹنا) ہے ۔

مَا يُجَادِلُ فِي آيَاتِ اللَّهِ إِلَّا الَّذِينَ كَفَرُوا

وہی جھگڑتے ہیں اللہ کی باتوں میں جو منکر ہیں،

فَلَا يَغْرُرْكَ تَقَلُّبُهُمْ فِي الْبِلَادِ (٤)

سو تو نہ بہک اس پر کہ چلتے پھرتے ہیں شہروں میں ۔

كَذَّبَتْ قَبْلَهُمْ قَوْمُ نُوحٍ وَالْأَحْزَابُ مِن بَعْدِهِمْ

جھٹلا چکے ہیں ان سے پہلے قوم نوح کی اور کتنے فرقے ان سے پیچھے ۔

وَهَمَّتْ كُلُّ أُمَّةٍ بِرَسُولِهِمْ لِيَأْخُذُوهُ

اور ارادہ کیا ہر اُمّت نے اپنے رسول پر کہ اسکو پکڑ (گرفتار کر) لیں ،

وَجَادَلُوا بِالْبَاطِلِ لِيُدْحِضُوا بِهِ الْحَقَّ

اور لانے لگے جھوٹ ، جھگڑے کہ اس سے ڈگائیں (نیچا کریں) سچا دین ،

فَأَخَذْتُهُمْ

پھر میں نے انکو پکڑا ،

فَكَيْفَ كَانَ عِقَابِ (٥)

تو کیسی ہوئی میری سزا دینی ؟

وَكَذَٰلِكَ حَقَّتْ كَلِمَتُ رَبِّكَ عَلَى الَّذِينَ كَفَرُوا

اور ویسے ہی ٹھیک (سچ) ہو چکی بات تیرے رب کی ، منکروں پر ،

أَنَّهُمْ أَصْحَابُ النَّارِ (٦)

کہ یہ ہیں دوزخ والے ۔

الَّذِينَ يَحْمِلُونَ الْعَرْشَ وَمَنْ حَوْلَهُ

جو لوگ اٹھا رہے ہیں عرش اور جو اسکے (ارد) گرد ہیں ،

يُسَبِّحُونَ بِحَمْدِ رَبِّهِمْ وَيُؤْمِنُونَ بِهِ وَيَسْتَغْفِرُونَ لِلَّذِينَ آمَنُوا

پاکی بولتے (تسبیح کرتے) ہیں اپنے رب کی خوبیاں ، اور اس پر یقین رکھتے ہیں ، اور گناہ بخشواتے ایمان والوں کے ۔

رَبَّنَا وَسِعْتَ كُلَّ شَيْءٍ رَّحْمَةً وَعِلْمًا

اے رب ہمارے ہر چیز سمائی ہے تیری مہر (رحمت) میں اور خبر (علم) میں ،

فَاغْفِرْ لِلَّذِينَ تَابُوا وَاتَّبَعُوا سَبِيلَكَ وَقِهِمْ عَذَابَ الْجَحِيمِ (٧)

سو معاف کر انکو جو توبہ کریں ، اور چلیں تیری راہ ، اور بچا انکو آگ کی مار سے ۔

رَبَّنَا وَأَدْخِلْهُمْ جَنَّاتِ عَدْنٍ الَّتِي

اے رب ہمارے ! اور داخل کر انکو بسنے کے باغوں میں ،

وَعَدتَّهُم وَمَن صَلَحَ مِنْ آبَائِهِمْ وَأَزْوَاجِهِمْ وَذُرِّيَّاتِهِمْ

جن کا وعدہ دیا تو نے انکو، اور جو کوئی نیک ہوا انکے باپوں میں اور عورتوں میں۔

إِنَّكَ أَنتَ الْعَزِيزُ الْحَكِيمُ (٨)

بیشک تو ہی ہے زبردست حکمت والا۔

وَقِهِمُ السَّيِّئَاتِ

اور بچا انکو برائیوں سے۔

وَمَن تَقِ السَّيِّئَاتِ يَوْمَئِذٍ فَقَدْ رَحِمْتَهُ

اور جس کو تُو بچائے برائیوں سے اس دن، اس پر مہر (رحمت) کی تُو نے۔

وَذَٰلِكَ هُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيمُ (٩)

اور یہ جو ہے یہی ہے بڑی مراد پانی (کامیابی)۔

إِنَّ الَّذِينَ كَفَرُوا يُنَادَوْنَ

جو لوگ منکر ہیں، انکو پکار کر کہیں گے،

لَمَقْتُ اللَّهِ أَكْبَرُ مِن مَّقْتِكُمْ أَنفُسَكُمْ

اللہ بیزار ہوتا تھا زیادہ اس سے، کہ تم بیزار ہوئے ہو اپنے جی (آپ) سے،

إِذْ تُدْعَوْنَ إِلَى الْإِيمَانِ فَتَكْفُرُونَ (١٠)

جس وقت تم کو بلاتے تھے یقین (ایمان) لانے کو، پھر تم منکر ہوتے تھے۔

قَالُوا رَبَّنَا أَمَتَّنَا اثْنَتَيْنِ وَأَحْيَيْتَنَا اثْنَتَيْنِ

بولے، اے رب ہمارے! تو موت دے چکا، ہم کو دو بار اور زندگی دے چکا دو بار،

فَاعْتَرَفْنَا بِذُنُوبِنَا

اب ہم قائل ہوئے اپنے گناہوں کے،

فَهَلْ إِلَىٰ خُرُوجٍ مِّن سَبِيلٍ (١١)

پھر اب بھی (کیا) ہے (اس عذاب سے) نکلنے کو کوئی راہ؟

ذَٰلِكُم بِأَنَّهُ إِذَا دُعِيَ اللَّهُ وَحْدَهُ كَفَرْتُمْ

یہ تم پر اس واسطے کہ جب کسی نے پکارا اللہ کو اکیلا، تو تم منکر ہوئے،

وَإِن يُشْرَكْ بِهِ تُؤْمِنُوا

اور جب اسکے ساتھ شریک پکارے تو تم یقین لانے لگے۔

فَالْحُكْمُ لِلَّهِ الْعَلِيِّ الْكَبِيرِ (١٢)

اب حکم (فیصلہ) وہی جو کرے اللہ، سب سے اوپر بڑا۔

هُوَ الَّذِي يُرِيكُمْ آيَاتِهِ وَيُنَزِّلُ لَكُم مِّنَ السَّمَاءِ رِزْقًا

وہی ہے، تم کو دکھاتا ہے اپنی نشانیاں اور اتارتا تمہارے واسطے آسمان سے روزی۔

وَمَا يَتَذَكَّرُ إِلَّا مَن يُنِيبُ (١٣)

اور سوچ وہی کرے جو رجوع رہتا ہو۔

فَادْعُوا اللَّهَ مُخْلِصِينَ لَهُ الدِّينَ وَلَوْ كَرِهَ الْكَافِرُونَ (١٤)

سو پکارو اللہ کو، نری کر کر (خالص) اسکے واسطے بندگی، اور پڑے بُرا مانیں منکر۔

رَفِيعُ الدَّرَجَاتِ ذُو الْعَرْشِ

صاحب اُونچے درجوں کا، مالک تخت کا۔

يُلْقِي الرُّوحَ مِنْ أَمْرِهِ عَلَى مَن يَشَاءُ مِنْ عِبَادِهِ لِيُنذِرَ يَوْمَ التَّلَاقِ (١٥)

اُتارتا ہے بھید کی بات اپنے حکم سے جس پر چاہے اپنے بندوں میں کہ وہ ڈرائے ملاقات کے دن (سے)۔

يَوْمَ هُم بَارِزُونَ

جس دن وہ لوگ نکل کھڑے ہوں گے۔

لَا يَخْفَى عَلَى اللَّهِ مِنْهُمْ شَيْءٌ

چھپی نہ رہے گی اللہ پر اُنکی کوئی چیز۔

لِّمَنِ الْمُلْكُ الْيَوْمَ

کِس کا راج ہے اُس دن؟

لِلَّهِ الْوَاحِدِ الْقَهَّارِ (١٦)

اللہ کا ہے، جو اکیلا ہے دباؤ والا۔

الْيَوْمَ تُجْزَى كُلُّ نَفْسٍ بِمَا كَسَبَتْ

آج بدلہ پائے گا ہر جی (متنفس)، جیسا کمایا۔

لَا ظُلْمَ الْيَوْمَ

ظلم نہیں آج بیشک ۔

إِنَّ اللَّهَ سَرِيعُ الْحِسَابِ (١٧)

(بلا شبہ) اللہ شتاب (جلد) لینے والا ہے حساب ۔

وَأَنذِرْهُمْ يَوْمَ الْآزِفَةِ إِذِ الْقُلُوبُ لَدَى الْحَنَاجِرِ كَاظِمِينَ

اور خبر سنادے انکو اس نزدیک آنے والے دن کی جس وقت دل پہنچیں گے گلوں کو، دبارہے ہوں گے ۔

مَا لِلظَّالِمِينَ مِنْ حَمِيمٍ وَلَا شَفِيعٍ يُطَاعُ (١٨)

کوئی نہیں گنہگاروں کا دوست ، اور نہ کوئی سفارشی جسکی بات مانی جائے ۔

يَعْلَمُ خَائِنَةَ الْأَعْيُنِ وَمَا تُخْفِي الصُّدُورُ (١٩)

وہ جانتا ہے چوری کی نگاہ ، اور جو چھپا ہے سینوں میں ۔

وَاللَّهُ يَقْضِي بِالْحَقِّ

اور اللہ چکاتا (فیصلہ کرتا) ہے انصاف ۔

وَالَّذِينَ يَدْعُونَ مِن دُونِهِ لَا يَقْضُونَ بِشَيْءٍ

اور جنکو پکارتے ہیں اسکے سوا، نہیں چکاتے (فیصلہ کرتے) ہیں کچھ ۔

إِنَّ اللَّهَ هُوَ السَّمِيعُ الْبَصِيرُ (٢٠)

بیشک اللہ جو ہے وہی ہے سنتا دیکھتا ۔

أَوَ لَمْ يَسِيرُوا فِي الْأَرْضِ

کیا پھرے نہیں ملک میں ؟

فَيَنظُرُوا كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الَّذِينَ كَانُوا مِن قَبْلِهِمْ

کہ دیکھتے آخر کیا ہوا اُنکا جو تھے ان سے پہلے ،

كَانُوا هُمْ أَشَدَّ مِنْهُمْ قُوَّةً وَآثَارًا فِي الْأَرْضِ

وہ تھے ان سے سخت زور میں ، اور جو نشانیاں چھوڑ گئے زمین میں ،

فَأَخَذَهُمُ اللَّهُ بِذُنُوبِهِمْ وَمَا كَانَ لَهُم مِّنَ اللَّهِ مِن وَاقٍ (٢١)

پھر انکو پکڑا اللہ نے انکے گناہوں پر، اور نہ ہوا انکو اللہ سے کوئی بچانے والا۔

ذَٰلِكَ بِأَنَّهُمْ كَانَت تَّأْتِيهِمْ رُسُلُهُم بِالْبَيِّنَاتِ فَكَفَرُوا

یہ اس پر، کہ ان پاس آتے تھے انکے رسول، کھلے نشان لے کر، پھر منکر ہوئے،

فَأَخَذَهُمُ اللَّهُ

پھر انکو پکڑا اللہ نے۔

إِنَّهُ قَوِيٌّ شَدِيدُ الْعِقَابِ (٢٢)

بیشک وہ زورآور ہے، سخت مار دینے والا۔

وَلَقَدْ أَرْسَلْنَا مُوسَىٰ بِآيَاتِنَا وَسُلْطَانٍ مُّبِينٍ (٢٣)

اور ہم نے بھیجا موسیٰ کو اپنی نشانیاں دے کر، اور کھلی سند۔

إِلَىٰ فِرْعَوْنَ وَهَامَانَ وَقَارُونَ

فرعون اور ہامان اور قارون پاس،

فَقَالُوا سَاحِرٌ كَذَّابٌ (٢٤)

پھر کہنے لگے، یہ جادوگر ہے جھوٹا۔

فَلَمَّا جَاءَهُم بِالْحَقِّ مِنْ عِندِنَا

پھر جب پہنچا اُن پاس لے کر سچی (حق) بات، ہمارے پاس سے،

قَالُوا اقْتُلُوا أَبْنَاءَ الَّذِينَ آمَنُوا مَعَهُ وَاسْتَحْيُوا نِسَاءَهُمْ

بولے، مارو (قتل کرو) بیٹے انکے جو یقین لائے ہیں اسکے ساتھ، اور جیتی رکھو انکی عورتیں۔

وَمَا كَيْدُ الْكَافِرِينَ إِلَّا فِي ضَلَالٍ (٢٥)

اور جو داؤ ہے منکروں کا سو غلطی میں (بیکار)۔

وَقَالَ فِرْعَوْنُ ذَرُونِي أَقْتُلْ مُوسَىٰ وَلْيَدْعُ رَبَّهُ

اور بولا فرعون، مجھ کو چھوڑو کہ مار ڈالوں موسیٰ کو، اور پڑا پکارے اپنے رب کو۔

إِنِّي أَخَافُ أَن يُبَدِّلَ دِينَكُمْ أَوْ أَن يُظْهِرَ فِي الْأَرْضِ الْفَسَادَ (٢٦)

میں ڈرتا ہوں کہ بگاڑے تمہاری راہ، یا نکالے ملک میں خرابی۔

وَقَالَ مُوسَى إِنِّي عُذْتُ بِرَبِّي وَرَبِّكُم
اور کہا موسیٰ نے، میں پناہ لے چکا ہوں اپنے اور تمہارے رب کی،
مِّن كُلِّ مُتَكَبِّرٍ لَّا يُؤْمِنُ بِيَوْمِ الْحِسَابِ (٢٧)
ہر غرور والے سے جو یقین نہ کرے حساب کا دن۔

وَقَالَ رَجُلٌ مُّؤْمِنٌ مِّنْ آلِ فِرْعَوْنَ يَكْتُمُ إِيمَانَهُ
اور بولا ایک مرد ایمان دار فرعون کے لوگوں میں، جو چھپاتا تھا اپنا ایمان،
أَتَقْتُلُونَ رَجُلًا أَن يَقُولَ رَبِّيَ اللَّهُ وَقَدْ جَاءَكُم بِالْبَيِّنَاتِ مِن رَّبِّكُمْ
کیا مارے ڈالتے ہو ایک مرد کو اس پر کہ کہتا ہے میرا رب اللہ ہے، اور لایا ہے تم پاس کھلی نشانیاں تمہارے رب کی۔
وَإِن يَكُ كَاذِبًا فَعَلَيْهِ كَذِبُهُ
اور اگر وہ جھوٹا ہوگا تو اس پر پڑے گا اسکا جھوٹ۔
وَإِن يَكُ صَادِقًا يُصِبْكُم بَعْضُ الَّذِي يَعِدُكُمْ
اور اگر وہ سچا ہوگا تو تم پر پڑے گا کوئی وعدہ، جو دیتا ہے،
إِنَّ اللَّهَ لَا يَهْدِي مَنْ هُوَ مُسْرِفٌ كَذَّابٌ (٢٨)
بیشک اللہ راہ نہیں دیتا اسکو جو ہو بے لحاظ جھوٹا۔
يَا قَوْمِ لَكُمُ الْمُلْكُ الْيَوْمَ ظَاهِرِينَ فِي الْأَرْضِ
اے قوم میری! تمہارا راج ہے آج، چڑھ رہے (غالب) ہو ملک میں،
فَمَن يَنصُرُنَا مِن بَأْسِ اللَّهِ إِنْ جَاءَنَا
پھر کون مدد کرے گا ہماری اللہ کی آفت سے؟ اگر آ گئی ہم پر،
قَالَ فِرْعَوْنُ مَا أُرِيكُمْ إِلَّا مَا أَرَى
بولا فرعون، میں وہی سوجھاتا ہوں تم کو جو سوجھا مجھ کو،
وَمَا أَهْدِيكُمْ إِلَّا سَبِيلَ الرَّشَادِ (٢٩)
اور وہی راہ بتاتا ہوں جس میں بھلائی ہے۔
وَقَالَ الَّذِي آمَنَ يَا قَوْمِ إِنِّي أَخَافُ عَلَيْكُم مِّثْلَ يَوْمِ الْأَحْزَابِ (٣٠)
اور کہا اس ایماندار نے، اے قوم میری! میں ڈرتا ہوں، کہ آئے تم پر دن ان فرقوں کا سا۔

مِثْلَ دَأْبِ قَوْمِ نُوحٍ وَعَادٍ وَثَمُودَ وَالَّذِينَ مِن بَعْدِهِمْ

جیسے رسم پڑی قوم نوح کی، اور عاد اور ثمود کی، اور جو انکے پیچھے ہوئے۔

وَمَا اللَّهُ يُرِيدُ ظُلْمًا لِّلْعِبَادِ (٣١)

اور اللہ بے انصافی نہیں چاہتا بندوں پر۔

وَيَا قَوْمِ إِنِّي أَخَافُ عَلَيْكُمْ يَوْمَ التَّنَادِ (٣٢)

اور اے قوم میری! میں ڈرتا ہوں کہ تم پر آئے دن ہانک پکار کا۔

يَوْمَ تُوَلُّونَ مُدْبِرِينَ مَا لَكُم مِّنَ اللَّهِ مِنْ عَاصِمٍ

جس دن بھاگو گے پیٹھ دے کر، کوئی نہیں تم کو اللہ سے بچانے والا۔

وَمَن يُضْلِلِ اللَّهُ فَمَا لَهُ مِنْ هَادٍ (٣٣)

اور جس کو غلطی میں ڈالے اللہ، تو کوئی نہیں اسکو سوجھانے (راستہ دکھانے) والا۔

وَلَقَدْ جَاءَكُمْ يُوسُفُ مِن قَبْلُ بِالْبَيِّنَاتِ

اور تم پاس آ چکا ہے یوسف اس سے پہلے کھلی باتیں لے کر،

فَمَا زِلْتُمْ فِي شَكٍّ مِّمَّا جَاءَكُم بِهِ

پھر تم رہے دھوکے ہی میں ان چیزوں سے، جو وہ لایا۔

حَتَّى إِذَا هَلَكَ قُلْتُمْ لَن يَبْعَثَ اللَّهُ مِن بَعْدِهِ رَسُولًا

یہاں تک کہ جب مر گیا، کہنے لگے، ہرگز نہ بھیجے گا اللہ اسکے بعد کوئی رسول۔

كَذَلِكَ يُضِلُّ اللَّهُ مَنْ هُوَ مُسْرِفٌ مُّرْتَابٌ (٣٤)

اسی طرح بہکاتا ہے اللہ اسکو، جو ہو زیادتی والا شک کرتا۔

الَّذِينَ يُجَادِلُونَ فِي آيَاتِ اللَّهِ بِغَيْرِ سُلْطَانٍ أَتَاهُمْ

وہ جو جھگڑتے ہیں اللہ کی باتوں میں بغیر کچھ سند کے، جو پہنچی ہو انکو۔

كَبُرَ مَقْتًا عِندَ اللَّهِ وَعِندَ الَّذِينَ آمَنُوا

بڑی بیزاری ہے اللہ کے ہاں، اور ایمانداروں کے ہاں۔

كَذَلِكَ يَطْبَعُ اللَّهُ عَلَى كُلِّ قَلْبِ مُتَكَبِّرٍ جَبَّارٍ (٣٥)

اسی طرح مہر کرتا ہے اللہ ہر دل پر غرور والے سرکش کے۔

وَقَالَ فِرْعَوْنُ يَا هَامَانُ ابْنِ لِي صَرْحًا لَّعَلِّي أَبْلُغُ الْأَسْبَابَ (٣٦)

اور بولا فرعون، کہ اے ہامان! بنا میرے واسطے ایک محل، شاید میں پہنچوں رستوں میں۔

أَسْبَابَ السَّمَاوَاتِ فَأَطَّلِعَ إِلَى إِلَهِ مُوسَى

(یعنی) رستوں میں آسمان کے، پھر جھانک دیکھوں موسےٰ کے معبود کو،

وَإِنِّي لَأَظُنُّهُ كَاذِبًا

اور میری اٹکل (سمجھ) میں تو وہ جھوٹا ہے۔

وَكَذَلِكَ زُيِّنَ لِفِرْعَوْنَ سُوءُ عَمَلِهِ وَصُدَّ عَنِ السَّبِيلِ

اور اسی طرح بھلے دکھائے تھے فرعون کو اسکے بُرے کام، اور روکا گیا راہ سے،

وَمَا كَيْدُ فِرْعَوْنَ إِلَّا فِي تَبَابٍ (٣٧)

اور جو داؤ تھا فرعون کا، سو کھپنے (ہلاک ہونے) کے واسطے۔

وَقَالَ الَّذِي آمَنَ يَا قَوْمِ اتَّبِعُونِ أَهْدِكُمْ سَبِيلَ الرَّشَادِ (٣٨)

اور کہا اس ایماندار نے، اے قوم! میری راہ چلو، پہنچادوں گا تم کو نیکی کی راہ پر۔

يَا قَوْمِ إِنَّمَا هَذِهِ الْحَيَاةُ الدُّنْيَا مَتَاعٌ

اے قوم! یہ جو زندگی ہے دنیا کی، سو برت لینا ہے (عارضی)۔

وَإِنَّ الْآخِرَةَ هِيَ دَارُ الْقَرَارِ (٣٩)

اور وہ گھر جو پچھلا (آخرت کا) ہے، وہی ہے ٹھہراؤ (ہمیشہ رہنے) کا گھر۔

مَنْ عَمِلَ سَيِّئَةً فَلَا يُجْزَى إِلَّا مِثْلَهَا

جس نے کی ہے بُرائی تو وہی بدلہ پائے گا اسکے برابر۔

وَمَنْ عَمِلَ صَالِحًا مِّن ذَكَرٍ أَوْ أُنثَى وَهُوَ مُؤْمِنٌ

اور جس نے کی ہے بھلائی، مرد ہو یا عورت اور وہ یقین رکھتا ہو،

فَأُوْلَئِكَ يَدْخُلُونَ الْجَنَّةَ يُرْزَقُونَ فِيهَا بِغَيْرِ حِسَابٍ (٤٠)

سو وہ لوگ جائیں گے بہشت میں، روزی پائیں گے وہاں بے شمار۔

وَيَا قَوْمِ مَا لِي

اے قوم! مجھ کو کیا ہوا (ماجرا) ہے؟

أَدْعُوكُمْ إِلَى النَّجَاةِ وَتَدْعُونَنِي إِلَى النَّارِ (٤١)

بلاتا ہوں تم کو بچاؤ کی طرف اور تم بلاتے ہو مجھ کو آگ کی طرف ۔

تَدْعُونَنِي لِأَكْفُرَ بِاللَّهِ وَأُشْرِكَ بِهِ مَا لَيْسَ لِي بِهِ عِلْمٌ

تم بلاتے ہو مجھ کو، کہ منکر ہوں اللہ سے، اور شریک ٹھہراؤں اسکا جسکی مجھ کو خبر نہیں ۔

وَأَنَا أَدْعُوكُمْ إِلَى الْعَزِيزِ الْغَفَّارِ (٤٢)

اور میں بلاتا ہوں تم کو اس زبردست گناہ بخشنے والے کی طرف ۔

لَا جَرَمَ أَنَّمَا تَدْعُونَنِي إِلَيْهِ لَيْسَ لَهُ دَعْوَةٌ فِي الدُّنْيَا وَلَا فِي الْآخِرَةِ

آپ ہی ہوا (حق یہ ہے) کہ جس (معبود) کی طرف مجھ کو بلاتے ہو، اسکا بلاوا کہیں نہیں دنیا میں اور نہ آخرت میں،

وَأَنَّ مَرَدَّنَا إِلَى اللَّهِ

اور یہ کہ ہم کو پھر جانا (پلٹنا) ہے اللہ کے پاس،

وَأَنَّ الْمُسْرِفِينَ هُمْ أَصْحَابُ النَّارِ (٤٣)

اور یہ کہ زیادتی والے وہی ہیں دوزخ کے لوگ ۔

فَسَتَذْكُرُونَ مَا أَقُولُ لَكُمْ

سو آگے یاد کروگے جو میں کہتا ہوں تم کو ۔

وَأُفَوِّضُ أَمْرِي إِلَى اللَّهِ

اور میں سونپتا ہوں اپنا کام اللہ کو ۔

إِنَّ اللَّهَ بَصِيرٌ بِالْعِبَادِ (٤٤)

بیشک اللہ کی نگاہ میں ہیں سب بندے ۔

فَوَقَاهُ اللَّهُ سَيِّئَاتِ مَا مَكَرُوا

پھر بچا لیا موسیٰ کو اللہ نے بُرے داؤں سے جو کرتے تھے،

وَحَاقَ بِآلِ فِرْعَوْنَ سُوءُ الْعَذَابِ (٤٥)

اور اُلٹ پڑا فرعون والوں پر بُری طرح کا عذاب ۔

النَّارُ يُعْرَضُونَ عَلَيْهَا غُدُوًّا وَعَشِيًّا

آگ ہے، کہ دکھا دیتے ہیں انکو صبح اور شام ۔

وَيَوْمَ تَقُومُ السَّاعَةُ أَدْخِلُوا آلَ فِرْعَوْنَ أَشَدَّ الْعَذَابِ (٤٦)

اور جس دن اُٹھے گی قیامت ۔ داخل کرو فرعون والوں کو سخت سے سخت عذاب میں ۔

وَإِذْ يَتَحَاجُّونَ فِي النَّارِ فَيَقُولُ الضُّعَفَاء لِلَّذِينَ اسْتَكْبَرُوا

اور جب آپس میں جھگڑیں گے آگ میں پھر کہیں گے کمزور غرور کرنے والوں کو،

إِنَّا كُنَّا لَكُمْ تَبَعًا فَهَلْ أَنتُم مُّغْنُونَ عَنَّا نَصِيبًا مِّنَ النَّارِ (٤٧)

ہم تھے تمہارے پیچھے (تابع)، پھر کچھ تم ہم پر سے اُٹھا لو گے حصہ آگ کا؟

قَالَ الَّذِينَ اسْتَكْبَرُوا إِنَّا كُلٌّ فِيهَا

کہیں گے جو غرور کرتے تھے ہم سبھی پڑے ہیں اس میں،

إِنَّ اللَّهَ قَدْ حَكَمَ بَيْنَ الْعِبَادِ (٤٨)

اللہ فیصلہ کر چکا بندوں میں ۔

وَقَالَ الَّذِينَ فِي النَّارِ لِخَزَنَةِ جَهَنَّمَ

اور کہیں گے جو لوگ پڑے ہیں آگ میں دوزخ کے داروغوں کو،

ادْعُوا رَبَّكُمْ يُخَفِّفْ عَنَّا يَوْمًا مِّنَ الْعَذَابِ (٤٩)

مانگو اپنے رب سے کہ ہم پر ہلکا کرے ایک دن تھوڑا عذاب ۔

قَالُوا أَوَلَمْ تَكُ تَأْتِيكُمْ رُسُلُكُم بِالْبَيِّنَاتِ

وہ بولے کیا نہ آتے تھے تم پاس تمہارے رسول، کھلے نشان لی کر؟

قَالُوا بَلَى

کہیں گے کیوں نہیں!

قَالُوا فَادْعُوا

بولے! پھر (تم خود ہی) پکارو ۔

وَمَا دُعَاء الْكَافِرِينَ إِلَّا فِي ضَلَالٍ (٥٠)

اور کچھ نہیں پکارنا کافروں کا، مگر بھٹکنا ۔

إِنَّا لَنَنصُرُ رُسُلَنَا وَالَّذِينَ آمَنُوا فِي الْحَيَاةِ الدُّنْيَا

ہم مدد کرتے ہیں اپنے رسولوں کی اور ایمان والوں کی دنیا کے جیتے،

وَيَوْمَ يَقُومُ الْأَشْهَادُ (٥١)

اور (اُس دن بھی) جب (گواہی کے لئے) کھڑے ہوں گے گواہ۔

يَوْمَ لَا يَنفَعُ الظَّالِمِينَ مَعْذِرَتُهُمْ

جس دن کام نہ آئیں منکروں کو اُنکے بہانے،

وَلَهُمُ اللَّعْنَةُ وَلَهُمْ سُوءُ الدَّارِ (٥٢)

اور انکو پھٹکار ہے اور انکو بُرا گھر۔

وَلَقَدْ آتَيْنَا مُوسَى الْهُدَى

اور ہم نے دی موسیٰ کو راہ کی سوجھ،

وَأَوْرَثْنَا بَنِي إِسْرَائِيلَ الْكِتَابَ (٥٣)

اور وارث کیا بنی اسرائیل کو کتاب کا۔

هُدًى وَذِكْرَى لِأُولِي الْأَلْبَابِ (٥٤)

سوجھاتی اور سمجھاتی عقلمندوں کو۔

فَاصْبِرْ إِنَّ وَعْدَ اللَّهِ حَقٌّ

سو تو ٹھہرا رہ (صبر کر)، بیشک وعدہ اللہ کا ٹھیک (حق) ہے،

وَاسْتَغْفِرْ لِذَنبِكَ

اور بخشوا اپنا گناہ،

وَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ بِالْعَشِيِّ وَالْإِبْكَارِ (٥٥)

اور پاکی بول اپنے رب کی خوبیاں شام کو اور صبح کو۔

إِنَّ الَّذِينَ يُجَادِلُونَ فِي آيَاتِ اللَّهِ بِغَيْرِ سُلْطَانٍ أَتَاهُمْ

اور جو لوگ جھگڑتے ہیں اللہ کی باتوں میں، بغیر کچھ سند کے جو پہنچی ہو اُنکو،

إِن فِي صُدُورِهِمْ إِلَّا كِبْرٌ مَّا هُم بِبَالِغِيهِ

کچھ نہیں اُنکے جی میں، غرور ہے، کہ کبھی نہ پہنچیں گے اس تک۔

فَاسْتَعِذْ بِاللَّهِ

سو تُو پناہ مانگ اللہ کی،

إِنَّهُ هُوَ السَّمِيعُ الْبَصِيرُ (٥٦)
بیشک وہ ہے سنتا دیکھتا۔

لَخَلْقُ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ أَكْبَرُ مِنْ خَلْقِ النَّاسِ
البتہ پیدا کرنا آسمانوں کا اور زمین کا، بڑا ہے لوگوں کے بنانے سے،

وَلَكِنَّ أَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُونَ (٥٧)
لیکن بہت لوگ نہیں سمجھتے۔

وَمَا يَسْتَوِي الْأَعْمَى وَالْبَصِيرُ
اور برابر نہیں اندھا اور دیکھتا۔

وَالَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ وَلَا الْمُسِيءُ
اور نہ ایماندار جو بھلے کام کرتے ہیں، اور نہ بدکار۔

قَلِيلًا مَّا تَتَذَكَّرُونَ (٥٨)
تم تھوڑا سوچ (غور وفکر) کرتے ہو۔

إِنَّ السَّاعَةَ لَآتِيَةٌ لَّا رَيْبَ فِيهَا
تحقیق (بلاشبہ) وہ (قیامت کی) گھڑی آنی ہے، اس میں دھوکا نہیں،

وَلَكِنَّ أَكْثَرَ النَّاسِ لَا يُؤْمِنُونَ (٥٩)
لیکن بہت لوگ نہیں مانتے۔

وَقَالَ رَبُّكُمُ ادْعُونِي أَسْتَجِبْ لَكُمْ
اور کہتا ہے تمہارا رب مجھ کو پکارو، کہ پہنچوں تمہاری پکار کو۔

إِنَّ الَّذِينَ يَسْتَكْبِرُونَ عَنْ عِبَادَتِي سَيَدْخُلُونَ جَهَنَّمَ دَاخِرِينَ (٦٠)
بیشک جو لوگ بڑائی کرتے (منہ موڑتے) ہیں میری بندگی سے، اب پیٹھیں (داخل ہوں) گے دوزخ میں ذلیل ہوکر۔

اللَّهُ الَّذِي جَعَلَ لَكُمُ اللَّيْلَ لِتَسْكُنُوا فِيهِ وَالنَّهَارَ مُبْصِرًا
اللہ ہے جس نے بنا دی تم کو رات کہ اس میں چین پکڑو، اور دن دیا دکھاتا۔

إِنَّ اللَّهَ لَذُو فَضْلٍ عَلَى النَّاسِ وَلَكِنَّ أَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَشْكُرُونَ (٦١)

اللہ تو فضل رکھتا ہے لوگوں پر، لیکن بہت لوگ حق نہیں مانتے (شکرادا نہیں کرتے)۔

ذَلِكُمُ اللَّهُ رَبُّكُمْ خَالِقُ كُلِّ شَيْءٍ

وہ اللہ ہے رب تمہارا، ہر چیز بنانے والا،

لَّا إِلَهَ إِلَّا هُوَ فَأَنَّى تُؤْفَكُونَ (٦٢)

کسی کی بندگی نہیں اسکے سوا، پھر کہاں سے پھرے (بہکائے) جاتے ہو؟

كَذَلِكَ يُؤْفَكُ الَّذِينَ كَانُوا بِآيَاتِ اللَّهِ يَجْحَدُونَ (٦٣)

اسی طرح پھیرے (بہکائے) جاتے ہیں، جو لوگ رہتے ہیں اللہ کی باتوں سے منکر ہوتے۔

اللَّهُ الَّذِي جَعَلَ لَكُمُ الْأَرْضَ قَرَارًا وَالسَّمَاء بِنَاء

اللہ ہے! جس نے بنا دی تم کو زمین ٹھہراؤ (جائے قرار)، اور آسمان عمارت (چھت)،

وَصَوَّرَكُمْ فَأَحْسَنَ صُوَرَكُمْ وَرَزَقَكُم مِّنَ الطَّيِّبَاتِ

اور تم کو صورت بنائی، پھر اچھی بنائیں صورتیں تمہاری، اور روزی دی تم کو ستھری چیزوں سے۔

ذَلِكُمُ اللَّهُ رَبُّكُمْ

وہ اللہ ہے رب تمہارا۔

فَتَبَارَكَ اللَّهُ رَبُّ الْعَالَمِينَ (٦٤)

سو بڑی برکت ہے اللہ کی، جو رب ہے سارے جہان کا۔

هُوَ الْحَيُّ لَا إِلَهَ إِلَّا هُوَ فَادْعُوهُ مُخْلِصِينَ لَهُ الدِّينَ

وہ ہے زندہ رہنے والا، کسی کی بندگی نہیں اسکے سوا، سو اسکو پکارو نری کر کر اُسکی بندگی۔

الْحَمْدُ لِلَّهِ رَبِّ الْعَالَمِينَ (٦٥)

سب خوبی اللہ کو جو رب ہے سارے جہان کا۔

قُلْ إِنِّي نُهِيتُ أَنْ أَعْبُدَ الَّذِينَ تَدْعُونَ مِن دُونِ اللَّهِ

تُو کہہ، مجھ کو منع ہوا کہ پُوجوں جن کو تم پکارتے ہو سوا اللہ کے،

لَمَّا جَاءنِيَ الْبَيِّنَاتُ مِن رَّبِّي وَأُمِرْتُ أَنْ أُسْلِمَ لِرَبِّ الْعَالَمِينَ (٦٦)

جب پہنچ چکیں مجھ کو کھلی نشانیاں میرے رب سے، اور حکم ہوا کہ تابع رہوں جہان کے صاحب کا۔

هُوَ الَّذِي خَلَقَكُم مِّن تُرَابٍ

وہی ہے جس نے بنایا تم کو خاک سے،

ثُمَّ مِن نُّطْفَةٍ ثُمَّ مِنْ عَلَقَةٍ

پھر پانی کی بوند سے، پھر لہو کی پھٹکی سے،

ثُمَّ يُخْرِجُكُمْ طِفْلًا

پھر تم کو نکالتا ہے لڑکے (بچہ)،

ثُمَّ لِتَبْلُغُوا أَشُدَّكُمْ

پھر جب تک پہنچو اپنے زور (جوانی) کو،

ثُمَّ لِتَكُونُوا شُيُوخًا

پھر جب تک ہو جاؤ بوڑھے۔

وَمِنكُم مَّن يُتَوَفَّى مِن قَبْلُ

اور کوئی ہے تم میں کہ پھر (واپس بلا لیا) لیا پہلے اس سے،

وَلِتَبْلُغُوا أَجَلًا مُّسَمًّى

اور جب تک پہنچو لکھے وعدے کو،

وَلَعَلَّكُمْ تَعْقِلُونَ (٦٧)

اور شاید تم بوجھو۔

هُوَ الَّذِي يُحْيِي وَيُمِيتُ

وہ ہے جو جلاتا (زندہ کرتا) ہے اور مارتا ہے،

فَإِذَا قَضَى أَمْرًا فَإِنَّمَا يَقُولُ لَهُ

پھر جب حکم کرے کسی کام کو، تو یہی کہے اسکو کہ

كُن

'ہو'،

فَيَكُونُ (٦٨)

وہ ہو جاتا ہے۔

أَلَمْ تَرَ إِلَى الَّذِينَ يُجَادِلُونَ فِي آيَاتِ اللَّهِ أَنَّى يُصْرَفُونَ (٦٩)

تُو نے نہ دیکھے؟ جو جھگڑتے ہیں اللہ کی باتوں میں، کہاں سے پھرے جاتے ہیں؟

الَّذِينَ كَذَّبُوا بِالْكِتَابِ وَبِمَا أَرْسَلْنَا بِهِ رُسُلَنَا

جنہوں نے جھٹلائی یہ کتاب، اور جو بھیجا ہم نے اپنے رسولوں کے ساتھ،

فَسَوْفَ يَعْلَمُونَ (٧٠)

سوآخر جان لیں گے۔

إِذِ الْأَغْلَالُ فِي أَعْنَاقِهِمْ وَالسَّلَاسِلُ يُسْحَبُونَ (٧١)

جب طوق پڑے ہیں انکی گردنوں میں، اور زنجیریں، گھسیٹے جاتے ہیں۔

فِي الْحَمِيمِ

جلتے پانی میں،

ثُمَّ فِي النَّارِ يُسْجَرُونَ (٧٢)

پھر آگ میں ان کو جھونکتے ہیں۔

ثُمَّ قِيلَ لَهُمْ أَيْنَ مَا كُنتُمْ تُشْرِكُونَ (٧٣)

پھر انکو کہا ہے کہ کہاں گئے جنکو شریک بتاتے تھے؟

مِن دُونِ اللَّهِ

اللہ کے سوا۔

قَالُوا ضَلُّوا عَنَّا

بولے ہم سے چوک (گُم ہو) گئے،

بَل لَّمْ نَكُن نَّدْعُو مِن قَبْلُ شَيْئًا

کوئی نہیں! ہم تو پکارتے نہ تھے پہلے کسی چیز کو۔

كَذَٰلِكَ يُضِلُّ اللَّهُ الْكَافِرِينَ (٧٤)

اسی طرح بچلاتا (بدحواس کرتا) ہے اللہ منکروں کو۔

ذَٰلِكُم بِمَا كُنتُمْ تَفْرَحُونَ فِي الْأَرْضِ بِغَيْرِ الْحَقِّ

یہ بدلہ اسکا جو تم رِیجھتے پھرتے تھے زمین میں ناحق،

وَبِمَا كُنتُمْ تَمْرَحُونَ (٧٥)

اور اس کا جو تم اتراتے تھے۔

ادْخُلُوا أَبْوَابَ جَهَنَّمَ خَالِدِينَ فِيهَا

پیٹھو (داخل ہو) دروازوں میں دوزخ کے، سدا رہنے کو اس میں۔

فَبِئْسَ مَثْوَى الْمُتَكَبِّرِينَ (٧٦)

سو کیا بد ٹھکانا ہے غرور والوں کا۔

فَاصْبِرْ إِنَّ وَعْدَ اللَّهِ حَقٌّ

سو تو ٹھہرا رہ (صبر کر)، بیشک وعدہ اللہ کا ٹھیک ہے۔

فَإِمَّا نُرِيَنَّكَ بَعْضَ الَّذِي نَعِدُهُمْ أَوْ نَتَوَفَّيَنَّكَ

پھر کبھی ہم دکھائیں تجھ کو کوئی وعدہ جو انکو دیتے ہیں، یا بھر لیں تجھ کو،

فَإِلَيْنَا يُرْجَعُونَ (٧٧)

پھر ہماری طرف پھرے (لوٹے) آئیں گے۔

وَلَقَدْ أَرْسَلْنَا رُسُلًا مِّن قَبْلِكَ مِنْهُم

اور ہم نے بھیجے ہیں بہت رسول تجھ سے پہلے،

مَّن قَصَصْنَا عَلَيْكَ وَمِنْهُم مَّن لَّمْ نَقْصُصْ عَلَيْكَ

کوئی ان میں ہیں کہ سنایا تجھ کو ان کا احوال، کوئی ہیں کہ نہیں سنایا۔

وَمَا كَانَ لِرَسُولٍ أَنْ يَأْتِيَ بِآيَةٍ إِلَّا بِإِذْنِ اللَّهِ

کسی رسول کا مقدور نہ تھا، کہ لے آتا کوئی نشانی، مگر اللہ کے حکم سے۔

فَإِذَا جَاءَ أَمْرُ اللَّهِ قُضِيَ بِالْحَقِّ وَخَسِرَ هُنَالِكَ الْمُبْطِلُونَ (٧٨)

پھر جب آیا حکم اللہ کا، فیصلہ ہو گیا انصاف سے، اور ٹوٹے (خسارے) میں آئے اس جگہ جھوٹے۔

اللَّهُ الَّذِي جَعَلَ لَكُمُ الْأَنْعَامَ لِتَرْكَبُوا مِنْهَا وَمِنْهَا تَأْكُلُونَ (٧٩)

اللہ ہے جس نے بنا دیے تم کو چوپائے تا کہ سواری کرو کتنوں پر اور کتنوں کو کھاتے ہو۔

وَلَكُمْ فِيهَا مَنَافِعُ وَلِتَبْلُغُوا عَلَيْهَا حَاجَةً فِي صُدُورِكُمْ

ان میں تم کو بہت فائدے ہیں، اور تا (کہ) پہنچو ان پر چڑھ کر کسی کام تک جو تمہارے جی میں ہو،

وَعَلَيْهَا وَعَلَى الْفُلْكِ تُحْمَلُونَ (٨٠)

اور ان پر، اور کشتی پر لدے پھرتے ہو۔

وَيُرِيكُمْ آيَاتِهِ

اور دکھاتا ہے تم کو اپنی نشانیاں،

فَأَيَّ آيَاتِ اللَّهِ تُنكِرُونَ (٨١)

پھر کون کون نشانیاں اپنے رب کی نہ مانو گے؟

أَفَلَمْ يَسِيرُوا فِي الْأَرْضِ

کیا پھرے نہیں ملک میں؟

فَيَنظُرُوا كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الَّذِينَ مِن قَبْلِهِمْ

کہ دیکھتے، آخر کیا ہوا ان سے پہلوں کا؟

كَانُوا أَكْثَرَ مِنْهُمْ وَأَشَدَّ قُوَّةً وَآثَارًا فِي الْأَرْضِ

وہ تھے ان سے زیادہ اور زور میں سخت، اور نشانیوں میں جو چھوڑ گئے ہیں زمین پر،

فَمَا أَغْنَى عَنْهُم مَّا كَانُوا يَكْسِبُونَ (٨٢)

پھر کام نہ آیا انکو جو کماتے تھے۔

فَلَمَّا جَاءتْهُمْ رُسُلُهُم بِالْبَيِّنَاتِ فَرِحُوا بِمَا عِندَهُم مِّنَ الْعِلْمِ

پھر جب پہنچے ان پاس رسول اُنکے کھلی نشانیاں لے کر، ریجھنے لگے اس پر جو اُنکے پاس تھی خبر،

وَحَاقَ بِهِم مَّا كَانُوا بِهِ يَسْتَهْزِؤُون (٨٣)

اور اُلٹ پڑی ان پر جس چیز پر ٹھٹھا (ہنسا کرتے) کرتے تھے۔

فَلَمَّا رَأَوْا بَأْسَنَا قَالُوا آمَنَّا بِاللَّهِ وَحْدَهُ

پھر جب دیکھی انہوں نے ہماری آفت، بولے یقین لائے اللہ اکیلے پر،

وَكَفَرْنَا بِمَا كُنَّا بِهِ مُشْرِكِينَ (٨٤)

اور چھوڑیں جو چیزیں شریک بتاتے تھے۔

فَلَمْ يَكُ يَنفَعُهُمْ إِيمَانُهُمْ لَمَّا رَأَوْا بَأْسَنَا

پھر نہ ہوا کہ کام آئے، انکو یقین لانا انکا، جس وقت دیکھ چکے ہمارا عذاب۔

**سُنَّتَ اللَّهِ الَّتِي قَدْ خَلَتْ فِي عِبَادِهِ**

رسم پڑی ہوئی اللہ کی، جو چلی آئی ہے اسکے بندوں میں ۔

**وَخَسِرَ هُنَالِكَ الْكَافِرُونَ** (۸۵)

اور خراب ہوئے اس جگہ منکر ۔

---

***********

**© Copy Rights:**
*Zahid Javed Rana, Abid Javed Rana*
**Lahore, Pakistan**
**www.quran4u.com**